08/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

سپیکر عبدالرحیم راتھر

مدھیہ پردیش قانون ساز اسمبلی میں سرکاری یقین دہانیوں سے متعلق کمیٹی کے ایک وفد نے سرینگر میں اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر کے ساتھ ملاقات کی ۔ وفد کی قیادت کمیٹی کے چیر مین ہری شنکر Khatik کر رہے تھے ۔

اس موقعہ پر طرفین نے قانون سازی کے کام کے طور طریقوں اور متعلقہ کمیٹیوں کے مخصوص کاموں کی نسبت سے ایک دوسرے سے جانکاری حاصل کرنے کے لئے علم کے باہمی تبادلے پر توجہ مرکوز رہی ۔ عبدالرحیم راتھر نے قانون سازی کے اداروں میں بین ریاستی تال میل پر زور دیا ۔

ستیش شرما

سائنس و ٹیکنالوجی اور ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ جموں کشمیر سرکار یوٹی میں سیاحوں کی آمد اور ان کے محفوظ قیام کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ محکمے آپسی تال میل کے ساتھ کام کر رہے ہیں ۔

سرینگر میں کئی سیلانیوں سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ سیاح ہمارے معزز مہمان ہیں جو جموں کشمیر کی مہمان نوازی اور تہذیب و تمدن کے سفیر بن جاتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ سیاحوں کی یہاں موجودگی کے دوران ان کی سلامتی یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن قدم اٹھایا جا رہا ہے ۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران 14 مئی سے 25 مئی تک سرینگر میں قائم بادامی باغ فوجی چھاونی میں ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے تحت منعقد ہونے والے خصوصی قومی یکجہتی کیمپ کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

صوبائی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ کیمپ کے سلسلے میں آنے والے سبھی کیڈٹوں کی سہولت کے لئے مناسب اقدام کریں ، خاص طور پر جب وہ یہاں کے اہم مذہبی اور سیاحتی مقامات کی سیر پر جائیں گے ۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔

ڈرگ سمگلروں کے خلاف پولیس کی کاروائیاں بھی لگاتار جاری ہیں اور کل دن بھر کے دوران مزید کچھ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات بر آمد کر لی گئیں ۔

سول انتظامیہ کی جانب سے بھی عوام میں منشات کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری عام کرنے کے پروگرام لگاتار منعقد کئے جا رہے ہیں ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

تعزیت

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے محکمہ جل شکتی میں کام کر نے والے ایگزیکیوٹیو انجینئر ہریش چندر شرما کے اچانک فوت ہونے پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے غمزدہ کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے ۔

آکاشوانی سرینگر میں سٹیشن کے سربراہ گربندر سنگھ کی قیادت میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا ، جس دوران ریڈیو ، ٹی وی اور تھیٹر کے معروف اداکار رفیق احمد متو کے لئے دعائے مغفرت اور ان کے اہلِ خانہ کے لئے صبرو جمیل کی دعا کی گئی ۔

اُدھر سکاسٹ کشمیر میں بھی ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا ، جہاں پروفیسر اختر علی خان کے اچانک وفات پانے پر رنج و غم کا اظہار کیا گیا ۔ وہ اتر پردیش کے رہنے والے تھے۔

انتقال

ہدی پورہ رفیع آباد کے ایک معروف سیاسی اور سماجی شخصیت حاجی غلام حسن وگے آج صبح انتقال کر گئے ہیں ۔ ان کی نماز جنازہ صبح ساڑھے گیارہ بجے ادا کی جائے گی ۔ مرحوم کے انتقال پر کئی سیاسی و سماجی شخصیات نے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔

ایڈوائزری

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ ہر فرد کو اپنیطرز زندگی میں تبدیلی لانی چاہئے۔ ماہرین، بزرگوں کو مشورہ دیتے ہیں کہ انہیں روزمرہ کے معمولات انجام دینے میناحتیاط برتنی چاہیے۔

اس سلسلے مینبزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر// ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

.... Dr.Zubair ....

عالمی دن

آج ریڈکراس کا عالمی دن ہے۔یہ دن انسانیت ، غیر جانبداری ، رضا کارانہ خدمات، یکجہتی ، آفاقیت اور ہمدردی جیسے اقدار کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے منایاجاتاہے۔

ریڈ کراس کے عالمی دن کے سلسلے میں آج وادی میں بھی کئی تقاریب کا اہتمام ہے ۔اس سال اس دن کا موضوع "Keeping Humanity Alive" رکھا گیا ہے ۔

میٹنگ

ناظم اطلاعات کشمیر Shreya Singhal نے کشمیر ڈویژن کے ضلع اطلاعاتی مراکز کی کارگزاری کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا ۔ انہوں نے ساتھ ہی نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت محکمے کی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ